Prime Minister Shri Narendra Modi Speaks to His Excellency Mr. Boris Johnson, Prime Minister of the United Kingdom

November 27, 2020

وزیر اعظم نے برطانوی وزیر اعظم جناب بورس جانسن سے بات چیت کی
27 نومبر، 2020

نئی دہلی، 27 /نومبر 2020 - وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج فون پر برطانیہ کے وزیر اعظم عالی جناب بورس جانسن سے بات کی۔

دونوں لیڈروں نے کووڈ-19 کی وبا سے پیدا شدہ چیلنجوں کے بارے میں اپنے خیالات کا تبادلہ کیا اور ویکسین کے فروغ اور مینوفیکچرنگ کے شعبے میں بھارت اور برطانیہ کے درمیان امید افزا باہمی تعاون کا جائزہ لیا۔

دونوں لیڈروں نے کووڈ کے بعد اور بریکزٹ کے بعد کے عہد میں بھارت اور برطانیہ کی شراکت داری کو تیزی کے ساتھ آگے بڑھانے کی مشترکہ خواہش کا اعادہ کیا اور اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت و سرمایہ کاری، سائنسی تحقیق، پیشہ وروں اور طلباء کی آمد و رفت اور دفاعی و سکیورٹی سے متعلق معاملات میں شراکت داری میں اضافہ کرنے کے زبردست امکانات ہیں۔

دونوں رہنماؤں نے آب و ہوا کی تبدیلی کے خلاف بھارت اور برطانیہ کے ایک ساتھ آنے پر خصوصی زور دیا اور بین الاقوامی شمسی اتحاد اور کولیشن فار ڈیزاسٹر ریزیلینٹ انفرااسٹرکچر جیسے پلیٹ فارموں کے تحت اپنے اشتراک کی ستائش کی۔

دونوں لیڈروں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ دونوں طرف کے اہلکار بھارت اور برطانیہ کے درمیان شراکت داری کے لئے طویل مدتی لائحہ عمل کو تیزی کے ساتھ حتمی شکل دینے کے لئے اپنا کام جاری رکھیں گے۔

نئی دہلی

27 نومبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.